© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

**حقانیہ سکول کا بورڈ میں سو فیصد رزلٹ:** تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول کے میٹرک کا رزلٹ بحمدللہ سو فیصد رہا یہ سب کچھ اساتذہ کرام کی ان تھک جدوجہد اور سکول پرنسپل مولانا مفتی اسماعیل حقانی کی مساعی کا نتیجہ ہے، یاد رہے کہ مفتی موصوف کو گزشتہ دو سال سے مولانا عرفان الحق حقانی ناظم اعلیٰ کی تحریک پر اوران کی نگرانی میں حقانیہ میں تدریسی خدمات کے ساتھ ساتھ سکول کی ذمہ داری دلائی گئی جس کی احسن انجام دہی پر یہ رزلٹ دلالت کررہا ہے۔اللھم زد فزد

**مولانا عرفان الحق حقانی کا دورہ ملائیشیا:** ۱۷ رمضان المبارک ۱۴۳۹ھ کو دارالعلوم کے مدرس مولانا عرفان الحق حقانی ملائیشیا تشریف لے گئے جہاں انہوں نے وہاں کے علماء، دارالعلوم کے فضلاء اور معاونین سے ملاقاتیں کیں، دو ہفتے قیام کے بعد واپسی ہوئی۔

**وفیات:** حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے سسرال اور دارالعلوم کے انتہائی مخلص کرمفرما اہل خیر حضرات جناب حاجی فقیر صاحب، حاجی ممتاز صاحب، حاجی اعجاز صاحب کی والدہ ماجدہ کا طویل علالت کے بعد گزشتہ ماہ انتقال ہوگیا، آپ حاجی الطاف مرحوم کی زوجہ تھیں، مرحومہ نیک سیرت، خدا ترس خاتون تھیں،اس کے علاوہ اہل خیر جناب یاسر قیوم کی والدہ کا بھی چندروز قبل انتقال ہوا،مرحومہ کافی عرصہ سے علیل تھیں،اللہ تعالیٰ دونوں خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے اوران کی کامل مغفرت فرمائے۔امین

دارالعلوم کے انتہائی مخلص نوشہرہ کے رہائشی جناب عبدالستار گل صاحب ۸۔جولائی ۲۰۱۸ کو وفات پاگئے،اس سے قبل مرحوم کا روڈ ایکسیڈنٹ ہوا تھا تو علاج کے لئے ہسپتال سے گھر منتقل کردیا گیا، تاہم بعد میں ان پر دل کا دورہ پڑنے انتقال ہو چلا۔مرحوم دارالعلوم کے غیرملکی عربی استاد شیخ محسن الرفاعی کے برادر نسبتی تھے۔مرحوم کا احقر اور برادرم راشد الحق کیساتھ کافی عرصہ سے گہرا تعلق تھا۔اسی طرح دارالعلوم کے دو قدیم فاضل برادران آف کاکا صاحب حضرت مولانا سعید الرحمٰن شاہ حقانی اور حضرت مولانا حافظ سعد الحمید شاہ حقانیؒ بھی دو ماہ کی مختصر مدت میں یکے بعد دیگرے وفات پاگئے۔ایک اور سانحہ شیخ التفسیر والحدیث مولانا عبدالحلیم المعروف بہ دیر باباجی کے خادم خاص حافظ قرآن مولانا حافظ اسد اللہ حقانیؒ کی رحلت کا واقعہ ۳۱/جولائی ۲۰۱۸ء کو پیش آیا، قارئین الحق سے ان تمام کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com